سبق:2 سب سے اچھا کام

ا۔ان الفاظ کے معنی لکھو:

۱۔قبل: پہلے۔ ۲۔خیانت :امانت میں چوری، غبن، دھوکا۔ ۳۔تجویز: رائے، صلاح
۴۔کارنامہ: غیر معمولی کام، یادگار کام۔ ۵۔تقسیم: حصہ کرنا، بانٹنا۔ ۶۔اجنبی: انجان، ناواقف۔
۷۔اولین: سب سے پہلا۔ ۸۔انسانیت: آدمیت، تمیز۔ ۹۔مستحق: حق رکھنے والا، حق دار
۱۰۔دھن: خیال، خواہش، کسی کام کے پیچھے لگ جانا۔ ۱۱۔امانت: حفاظت کے لے کوئی چیز کسی کے سپرد کرنا۔

II۔مرکبات:

۱۔مال دار: دولت رکھنے والا۔ ۲۔شفاخانہ: دواخانہ۔ ۳۔حق دار: حق رکھنے والا۔
۴۔بے ہوش: جسے ہوش نہیں رہتا۔ ۵۔غیر معمولی: بہت اچھا، معمول کے خلاف۔
۶۔خطرناک: جس سے نقصان کا ڈر ہو۔

III۔ان الفاظ کو اپنے جملوں میں استعمال کیجیے:

۱۔تجویز: استاد نے بچوں کو موبائل استعمال نہ کرنے کی تجویز پیش کی۔
۲۔اجنبی: کسی اجنبی شخص کو گھر میں داخل ہونے کی اجازت مت دو۔
۴۔مدد: ضرورت مند کی مدد کرنا ثواب کا کام ہے۔
۵۔خطرناک: اس جنگل میں خطرناک درندے رہتے ہیں۔

IV۔نیچے دی گئی عبارت کی خالی جگہوں کو اپنی یاداشت کی مدد سے پر کیجیے:

ایک دفعہ رات دیر گئے میں جنگل کے قریب سے گزر رہا تھا۔ آسمان پر گہرے بادل چھائے ہوئے تھے۔ وقفے وقفے سے بجلیکی آواز دل کو دہلا رہی تھی۔ میں نے دیکھا کہ راستے کے کنارے ایک شخص بے ہوش پڑا ہے۔

V۔ان الفاظ کے اضداد لکھو:

۱۔دن=رات ۲۔امانت=خیانت ۳۔اچھا=برا ۴۔قریب=دور ۵۔دشمن=دوست
۶۔زندگی=موت ۷۔بھلائی=برائی ۸۔چھوٹا=بڑا

VI۔ان سوالوں کے جواب جملے میں لکھئے:

۱۔مال دار شخص کہاں رہتا تھا؟
ج۔مال دار شخص ایران کے شہر شیراز میں رہتا تھا۔
۲۔مال دار بوڑھے شخص نے کیا سوچا؟
ج۔مال دار بوڑھے شخص نے سوچا کہ مرنے سے قبل کیوں نہ اپنی دولت بیٹیوں میں تقسیم کردی جائے۔
۳۔تینوں بیٹے کس دھن میں جٹ گئے؟

ج۔تینوں بیٹے سب سے اچھا کام انجام دینے کی دھن میں لگ گئے۔

۴۔لڑکے کی جان کس نے بچائی؟

ج۔لڑکے کی جان مال دار شخص کے دوسرے بیٹے نے بچائی۔

۵۔تیسرے بیٹے نے راستے کے کنارے کیا دیکھا؟

ج۔تیسرے بیٹے نے راستے کے کنارے ایک شخص کو بے ہوش پڑا دیکھا۔

۶۔ہیرے کا حق دار کون بنا؟

ج۔چھوٹا بیٹا ہیرے کا حق دار بنا۔

VII۔ان سوالوں کے جواب دو یا تین جملوں میں لکھیے:

۱۔مال دار بوڑھے شخص نے اپنے بیٹوں کو پاس بلا کر کیا کیا؟

۱۔مال دار بوڑھے شخص نے اپنے بیٹوں کو پاس بلا کر اپنی تمام دولت ان تینوں میں برابر تقسیم کر دی۔مگر ایک قیمتی ہیرا اپنے پاس رکھتے ہوئے بیٹوں سے کہا کہ تم میں سے جو کوئی سب سے اچھا کام انجام دے گا، اسے یہ ہیرا انعام میں ملے گا۔

۲۔بڑے بیٹے نے کونسا اچھا کام انجام دیا؟

ج۔بڑے بیٹے کے پاس ایک شخص نے بھاری رقم امانت کے طور پر رکھی وہ اجنبی تھا۔وہ دونوں ایک دوسرے کو جانتے تک نہ تھے، کچھ دنوں بعد اس اجنبی شخص نے آ کر اپنی امانت طلب کی تو اس نے بغیر کسی خیانت کے اس کی رقم لوٹا دی۔

۳۔دوسرے بیٹے نے اپنا کونسا کارنامہ بیان کیا؟

ج۔دوسرے بیٹے نے اپنا کارنامہ سناتے ہوئے کہا کہ ایک دن دریا کے کنارے جا رہا تھا، کیا دیکھتا ہوں کہ ایک چھوٹا سا لڑکا دریا میں گر گیا ہے اور اس کی پریشان ماں مدد کے لئے پکار رہی ہے۔لڑکے بہتے پانی سے بچانا بہت خطرناک تھا۔میں نے جان کی پرواہ کیے بغیر دریا میں کود پڑا اور لڑکے کی جان بچائی۔

۴۔چھوٹے بیٹے کو ہیرے کا حق دار کیوں قرار دیا گیا؟

ج۔چھوٹے بیٹے کو ہیرے کا حق دار اس لئے قرار دیا کیونکہ اس نے اپنے جانی دشمن کی جان بچا کر انسانیت کی بہترین مثال قائم کی تھی۔

@@@@@@@@@@@@@@@@@@@@@@